BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن کمیونٹی کی حفاظت اور جرائم کی روک تھام کے لیے صوبائی فنڈنگ کے اعلان کو خوش آمدید کہتا ہے

برامپٹن، آن (24 جنوری 2020) – آج سٹی آف برامپٹن نے اونٹاریو کی حکومت کی جانب سے کمیونٹی کی حفاظت کو مضبوط تر بنانے کے لیے پیل ریجنل پولیس کے وسائل بڑھانے کے لیے 20.5$ ملین کی فنڈنگ کے اعلان کو خوش آمدید کہا ہے۔

اس اعلان کے دوران میئر پیٹرک براؤن، جو پیل پولیس سروسز بورڈ کے رکن بھی ہیں، نے اس سرمایہ کاری کی اہمیت کے حوالے سے بات چیت کی، جو پیل ریجنل پولیس کے کمیونٹی موبیلائیزیشن پروگرام اور اونٹاریو کی گنز، گینگز اینڈ وائلنس اسٹریٹجی (Ontario's Guns, Gangs and Violence Reduction Strategy) کے نفاذ کو ممکن بنائے گی۔

سٹی آف برامپٹن نے ہمیشہ سے مضبوط تر اور محفوظ تر کمیونٹیاں بنانے کے لیے زیادہ اشتراک کی وکالت اور حمایت کی ہے۔ 2019 ایسوسیئیشن آف میونسپلٹیز آف اونٹاریو (AMO) کی سالانہ کانفرنس کے موقع پر میئر کی قیادت میں وفد نے سٹی آف برامپٹن اور پورے ریجن آف پیل میں کمیونٹی کی حفاظت اور بہبود کے حوالے سے ایک کلیاتی طریقہ کار کو ممکن بنانے کے لیے تمام حکومتی درجوں کی جانب سے اشتراک، تعامل اور فنڈنگ کے ذریعے معاونت کی زیادہ ضرورت کے حوالے سے براہ راست سولیسیٹر جنرل سے بات کی ہے۔

آج کا فنڈنگ کا اعلان ان کئی موجودہ شراکت داریوں کو بھی سہارا فراہم کرتا ہے، جو برامپٹن کی کمیونٹی کی حفاظت کی کوششوں میں معاونت فراہم کرتی ہیں، بشمول:

- پیل ریجنل پولیس کی جانب سے علاقے میں موجودگی اور لوگوں کے لیے نگہداشت کو بہتر بنانے کے لیے ایک ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن سب اسٹیشن کھولنے کا حالیہ اعلان
- سٹی آف برامپٹن کا لائٹ ہاؤس پروگرام، جو کمیونٹی کو ان اوقات میں شرکت کنندہ عقائد پر مبنی تنظیموں کی املاک پر پناہ حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے، جب پوری کمیونٹی میں ہنگامی حالات ہوں۔
- نگرانی کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لیے 410 اور 403 ہائی ویز پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے لیے سٹی کی جانب سے حمایت و وکالت

اقتباسات

"گینگز صرف کسی ایک جگہ کا مسئلہ نہیں ہیں - بلکہ یہ پورے GTA کا مسئلہ ہے۔ ہم کبھی بھی مجرمانہ تنظیموں کی پیچیدگی کا کم اندازہ لگانا برداشت نہیں کر سکتے، جنہیں اچھی طرح علم ہوتا ہے کہ کون سے علاقوں میں ردعمل کی کم صلاحیت ہے۔ میں پریمیئر فورڈ اور سولیسیٹر جنرل جونز کا مشکور ہوں کہ انہوں نے گنز اینڈ گینگ فنڈنگ کے حوالے سے ہماری درخواستوں کو سنا۔ یہ ایک اہم وسیلہ ہے، جو برامپٹن اور پیل ریجن کو محفوظ رکھنے کے لیے ہماری پولیس کو شدت سے درکار تھا۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن اور رکن، پیل پولیس سروسز بورڈ*

"آپ محفوظ سڑکوں کے بغیر ایک عظیم الشان شہر نہیں بنا سکتے۔ گنز اور گینگز کی سرگرمیوں میں حالیہ معمولی اضافے کو روک لیا جانا چاہیے، اس سے پہلے کہ یہ اپنی کاروائیاں شروع کریں۔ یہ صرف اس وقت ہو سکتا ہے جب تمام حکومتی درجے ایک ساتھ مل کر کام کریں۔ فنڈنگ کے اس اعلان سے پیل ریجنل پولیس کو کافی عرصے تک کے لیے وہ وسائل مل جائیں گے، جو انہیں برامپٹن کو محفوظ رکھنے کے لیے درکار ہیں۔"

- *چارمین ولیمز، سٹی کونسلر اور چیئر، برامپٹن کمیونٹی سیفٹی ایڈوائزری کمیٹی*

"ایک صحت بخش اور محفوظ شہر کو فروغ دینے کے لیے درست ماحول کا قیام ان تمام چیزوں میں سے سب سے اہم ہے، جو ہم کونسل کے دور کی اس اہم ترجیح کو بڑھانے کے لیے کرتے ہیں۔ ہماری کمیونٹی کو محفوظ تر بنانے کے لیے درست سمت میں ہر ایک قدم رہائشیوں، اہم فریقین اور سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بڑھانے میں مدد دے گا اور ہماری شہر کے لیے طویل مدتی کامیابی اور خوشحالی کے لیے راہ ہموار کرے گا۔

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ *www.brampton.ca* پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca